بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اقوال الصادقین

ترجمہ

منہاج العارفین

من تصنیف

بانی مسلمانی جناب حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی قدس اللہ سرہ

مترجم

مولانا محمد قاسم شاہ صاحب بخاری

معہ

گلشن ہمدانیہ

(نعوت - مناقب)

شائع کردہ:- انجمن خادمانِ ہمدانیہ زیارت حضرت سید شاہ ہمدان خانقاہ معلی سرینگر

(کاتب غلام نبی کول ملارٹہ سرینگر)

(تاج پریس شمس واری سرینگر)

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لولیہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد والہ واصحبہ وسلم۔

اما بعد

کشمیر کے اسلام پسند حضرات سیدالسادات حضرت میر سید علی ہمدانی قدس اللہ العزیز کے بہت زیادہ ممنون احسان اور مرہون منت ہیں کہ آپ ہی کے وجود باجود سے دارالکفر کشمیر دارالاسلام سے مبدل ہوا اور اس اعتبار سے اگر دیکھا جائے تو آپ کے حقوق مسلمانان کشمیر پر ان گنت اور بے شمار ہیں۔ مگر وائے محرومی قسمت کہ ہم نے آپ کے احسانات کا ذرہ برابر حق ادا نہ کیا۔ خاص کر حضرت امیر کبیرؒ نے اپنے مقدس قلم سے بہت سی اہم کتابیں لکھی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے انجمن تبلیغ اسلام کی طرف سے حضرت میر سید علی ہمدانیؒ پر کئی کتابیں لکھی ہیں اور خاص کر حضرت امیرؒ کی شہرہ آفاق مفید عام و خاص کتاب ذخیرۃ الملوک کو مع متن و اردو ترجمہ و استخراج احادیث کے تین باب چھپوا کر منظر عام پر لائے گئے۔ حضرت میر سید علی ہمدانی کی ایک عظیم تصنیف منہاج العارفین کو جو ایک سو بیاسی انمول نصیحتوں پر مشتمل ہے آج بفضل تعالیٰ خانقاہ معلیٰ کے واجب الاحترام ممبران انجمن خادمان ہمدانیہ اس کی طباعت کر رہے

ہیں۔ راقم الحروف نے اس کا اردو ترجمہ کیا اور اس ترجمہ کا اقوال الصادقین اردو ترجمہ منہاج العارفین ہے۔ انجمن خادمان ہمدانیہ نے کتاب کے آخر میں چند مقدس نعوت۔ مناقب مبارکہ بھی ضم کئے ہیں جن کا نام "گلشن ہمدانیہ" رکھا ہے جس سے یہ کتاب نورٌ علیٰ نور ہوئی۔ بہرحال خانقاہ معلی اور حضرت میر سید علی ہمدانیؒ کی علمی خدمات کرنا بڑی سعادت ہے جس کے قارردان مرحوم و مغفور خواجہ علی شاہ صاحب بچھ تھے۔ افسوس کہ وہ ہم میں بظاہر اس وقت موجود نہیں ہیں لیکن اُن کے جذبات و خدمات ہمارے سامنے ہیں اور موجودہ نوجوان اور جوشِ اسلام سے معمور خادمان خانقاہ معلیٰ زادہ اللہ شرفاً میری طرف اور انجمن تبلیغ الاسلام کی طرف سے ہدیہ تبرک کے مستحق ہیں کہ وہ ان دلوں میں ایسے پاک جذبات ہیں وَفقینا اللّٰہ تعالیٰ واِیاھم لما یُحِب ویرضیٰ عنا۔ اللہ تعالیٰ ان میں اضافہ فرمائے۔ آمین وصلی اللّٰہ علیٰ سیدنا محمدٍ وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین۔

طالب:۔ محمد قاسم شاہ بخاری
صدر انجمن تبلیغ الاسلام جموں کشمیر سرینگر

عرضِ ناشر

حضرت محبوبِ سبحانی، غوث صمدانی، بانی مسلمانی جناب حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی قدس اللہ سرہٗ العزیز نے عربی اور فارسی میں تقریباً ڈیڑھ سو سے زیادہ کتابیں اور رسالے تصنیف کئے ہیں۔ ہر ایک کتاب اور رسالے کے عربی فارسی فقرے اور جملے توحید شناسی، عبادتِ حق، ذکر و فکر اور علم وغیرہ سے معمور ہیں۔ ان ہی انمول تصانیف میں سے رسالہ منہاج العارفین فارسی زبان میں تحریر کردہ رسالہ ہے جس میں ایک سو بیاسی (۱۸۲) برجستہ نصایح آمیز نکتے موجود ہیں جو آنجناب کی صوفیانہ روش، بلند خیالات، لطافتِ طبع کے زود نتائج ہیں۔ انجمن خادمانِ ہمدانیہ درگاہ حضرت شاہ ہمدان خانقاہ معلی سرینگر نے ارادہ کیا ہے کہ درج صدر رسالہ کو حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی رحؒ کے عرس مبارک کے موقعہ پر شائع کیا جائے تاکہ عامۃ المسلمین بالعموم محبانِ حضرت شاہ ہمدان اس سے مستفید ہو جائیں۔ اس رسالہ کا اردو ترجمہ مولانا محمد قاسم شاہ صاحب بخاری نے تحریر فرمایا ہے۔ خادمانِ زیارت حضرت شاہ ہمدانؒ نے اس سے قبل بھی وقتاً فوقتاً عامۃ المسلمین کو آپ کے ارشادات و کمالات سے متعارف کرایا ہے جن میں رسالہ ہمدانیہ، اورادِ عصریہ معہ ترجمہ بزبان اردو، مشارب الاذواق قابلِ ذکر ہیں۔

انجمن خادمان ہمدانیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ جناب حضرت امیر کبیر میر سید علی

ہمدانیؒ کی جملہ تصانیف کو یکجا کر کے ان کا ترجمہ کرا کر شائع کیا جائے۔ اس سلسلے میں انجمن کے پاس آنجناب کے حسب ذیل رسالہ جات موجود ہیں جن کا اُردو ترجمہ کیا جائے گا۔

(۱) سیر الطالبین	(۲) مراۃ التائبین
(۳) رسالہ دہ قاعدہ	(۴) رسالہ تلقینیہ
(۵) رسالہ مشیۂ میریہ	(۶) رسالہ نوریہ
(۷) رسالہ مناجات اول و ثانیہ	(۸) رسالہ فتویہ
(۹) رسالہ ذکریہ	(۱۰) رسالہ فارسیہ
(۱۱) رسالہ ہمدانیہ	(۱۲) رسالہ وجودیہ
(۱۳) رسالہ اعتقادیہ	(۱۴) مشارب الاذواق
(۱۵) منقبت الجواہر	(۱۶) مودۃ القرابیٰ

علاوہ ازیں آنجناب کا عظیم شاہکار ذخیرۃ الملوک عرصۂ قدیم سے نایاب ہے۔ اس انمول نسخہ کے اُردو ترجمہ کی ایک مکمل جلد انجمن کو دستیاب ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ انجمن کے پاس روضۃ الکبرویہ فی الاسناد اور اوراد فتحیہ موجود ہیں۔ اگرچہ ذخیرۃ الملوک کے تین ابواب کا اُردو ترجمہ مولانا نجاری صاحب نے کیا ہے۔

انجمن خادمان ہمدانیہ کے آئندہ پروگرام میں اس عظیم شاہکار اور دیگر رسائل کو شائع کرنا مطلوب ہے۔ اس لئے انجمن علمائے کرام، مفتیان عظام، ائمہ مساجد، سجادہ نشین حضرات اور عامۃ المسلمین سے استدعا کرتی ہے کہ اگر اُن کے پاس

جناب حضرت امیر کبیرؒ کے تصنیف کردہ نسخے موجود ہوں تو وہ انجمن مذکور کو عاریت" یا ہدیتاً" دے کر مشکور فرماویں تاکہ ترجمہ کرا کر ان کو شایع کیا جائے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ عامتہ المسلمین اس سے مستفید ہوں گے۔

دُعاگو

پیر علی محمدؐ ہمدانی عَلمبردار

صدر انجمن خادمان ہمدانیہ زیارت حضرت شاہ ہمدان

خانقاہ معلی۔ سرینگر۔ کشمیر

مختصر سوانح حیات

جناب حضرت امیر کبیر میر سیّد علی ہمدانی قدس اللہ سرہٗ العزیز

سیّد سادات سالارِ عجم — دست او معمار تقدیر اُمَم (اقبال)

مسلمانانِ کشمیر جتنا اس امر پر ناز کریں کہ اُن کے محسن، مرشد برحق جناب حضرت امیر کبیر میر سیّد علی ہمدانی ہیں، اُتنا ہی کم ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ایک ایک شخص نے ایک ایک قوم کی حالت بدل دی ہے اور ایسی بدل دی ہے کہ تاریخ خود حیران ہوئی ہے لیکن ان کا کام ابھی تازہ ہی معلوم ہوتا ہے۔ اُمتِ مسلمہ کے ایسے ہی برگزیدہ بزرگوں میں جناب حضرت امیر کبیر میر سیّد علی ہمدانی رضؓ ایک اہم شخصیت ہیں کشمیر میں با برکت اور نمایاں اسلامی انقلاب جو اس مردِ مومن اور مرد مجاہد اسلام سے پیدا ہوا ہے اس پر اگر قلم اٹھایا جائے تو کتب کی کتب لکھ کر بھی تشنہ طلبی بدستور قائم رہے گی۔ سچ یہ ہے کہ آنجناب کی با برکت اور برگزیدہ شخصیت آپ کے کمالات کارہائے نمایاں اور بین الاقوامی اسلامی مشن سے متعلق کچھ قلمبند کرنا بعید از عقل و دانش ہے بلکہ کارے دارد والا معاملہ ہے۔ البتہ یہاں تھوڑا کچھ آپکی سوانح حیات پر مختصر طور چند الفاظ میں تبرکاً تحریر کرنا باعث سعادت ہے۔

آپ کی ولادتِ باسعادت ــــ فجر کا وقت تھا ماہ رجب کی ۱۲ تاریخ ۷۱۴ھ

پیر کا دن تھا کہ آنجناب نے اپنی ولادت باسعادت سے کرۂ ارض کو مشرف فرمایا۔ آپ کی ولادت خاص ہمدان میں ہوئی جو اس زمانہ میں عراق کے حدود میں شامل تھا۔ یہ آپکی ذاتِ مقدس کی خیر و برکت کا اثر تھا کہ ایک غیر معروف شہر نے عرب و عجم میں درجۂ امتیاز پاکر عام شہرت حاصل کی۔ ولادت باسعادت کی تاریخ رحمت اللہ ۷۱۴ھ سے اخذ کی جاسکتی ہے۔ معصومیت اور لڑکپن کے زمانے سے ہی آپ کے پاکیزہ اوضاع واطوار اور فطری خصائل عیاں تھے جن کا عالم یہ تھا کہ جو کوئی آپ کو دیکھتا تعریف و توصیف سے رطب اللسان رہتا تھا۔

ستارہ ترا خط خوانده و ثنا گفتہ

فرشتہ روی ترا دیدہ دعا گفتہ

آپ کا مقدس شجرۂ نسب :- آپ کا سلسلۂ نسب ستارہویں پشت پر حضرت شاہ ولایت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے جاملتا ہے جو اس طرح ہے :-

جناب حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی ابن سید شہاب الدین ہمدانی ابن سید محمدؒ ابن سید علیؒ ابن سید یوسفؒ ابن سید شرف الدینؒ ابن سید محب اللہؒ ابن سید محمد جعفر ثانیؒ ابن سید جعفرؒ ابن سید عبد اللہؒ ابن سید محمد اول ابن سید علیؒ ابن سید حسنؒ ابن سید جعفر الحجہؒ ابن سید عبد اللہؒ زاہد ابن سید حسین الاصغرؒ ابن سیدنا امام زین العابدینؒ ابن سیدنا حضرت امام حسینؑ شہید کربلا ابن حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ۔

اس طرح سے آپ کے ماموں صاحب حضرت سید علاؤ الدینؒ اپنے نسب کے لحاظ سے امام حسن کی ستارہویں پشت سے ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ آنجناب نجیب الطرفین

ہیں. حسینی بھی ہیں اور حسنی بھی۔ آنجناب کے والد ماجد حضرت سید شہاب الدین ہمدانیؒ ایک طرف سے زہد و تقویٰ کے بلند مقام پر فائز تھے اور دوسری طرف شہر ہمدان کے بہت بڑے رئیس تھے۔ آپ کو مرزبان کے نام سے فارس میں یاد کیا جاتا تھا۔ آپ کے اقارب بھی قابل احترام شخصیتوں کے مالک گذرے ہیں. ان میں جناب سید تاج الدین ہمدانیؒ اور سید حسین سمنانیؒ دو بڑے خدا رسیدہ بزرگ آپ کے چچیرے بھائی ہیں۔ آپ کے حالات زندگی کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کے جبین مبارک پر لڑکپن کی زندگی میں ہی رشد و ہدایت اور تقویٰ شعاری کے آثار نمایاں تھے۔ آپ کو بچپن سے ہی عام بچوں کی طرح کھیل کود اور لہو لعب سے رغبت نہیں تھی۔ آپ نے زمانہ طفولیت ہی میں قرآن مجید حفظ کیا حافظ قرآن بننے کے بعد اپنے ماموں سید علاؤ الدینؒ سے خاندانی روایات کے مطابق علوم و فنون کا استفادہ کیا۔ اس کے بعد آپ کے دل مبارک میں روحانی مدارج و مراتب حاصل کرنے کی بڑی تڑپ اور کشش پیدا ہوئی جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ازل ہی میں چن لیا تھا۔ آپ کیلئے اس سلسلے میں پہلے ہی راستہ ہموار کر دیا گیا تھا۔ چنانچہ آپ کو وقت کے بلند پایہ مشائخ کرام کی صحبت اور فیوض و برکات حاصل ہوتی رہی. خاص کر شیخ رکن دین حضرت علاؤ الدولہؒ اور ان کے خلیفہ خاص ابو المعالی حضرت شیخ شرف الدین محمود مزدقانیؒ کی صحبت فیض اثر نے آپ کو پورے طور پر مستفید و مستفیض فرمایا۔ حضرت شیخ مزدقانیؒ کا سلسلہ طریقت حضرت شیخ نجم الدین احمد الکبریٰؒ سے ملتا ہے۔ اس طرح آپ کبروی ہیں اور یہ سلسلہ طریقت اس طرح ہے:۔

حضرت رسول مقبول نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، سیدنا امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ، حضرت خواجہ حسن بصریؒ، حضرت خواجہ حبیب العجمیؒ، حضرت شیخ داؤد طائیؒ، حضرت شیخ معروف کرخیؒ، حضرت شیخ سری سقطیؒ، حضرت شیخ جنید ابو القاسم بغدادیؒ، حضرت شیخ ابو علی رودباریؒ، حضرت شیخ ابو العلی کاتب مصریؒ، حضرت شیخ ابو عثمان مغربیؒ، حضرت شیخ ابو القاسم گورگانیؒ، حضرت شیخ ابو بکر نساجؒ، حضرت شیخ احمد غزالیؒ، حضرت شیخ ابو النجیب عبد القاہر سہروردیؒ، حضرت شیخ عمار یاسرؒ، حضرت شیخ نجم الدین احمد الکبریٰؒ، حضرت شیخ رضی الدین علی لالاؒ حضرت شیخ جمال الدین ذاکرؒ، حضرت شیخ نور الدین عبد الرحمانؒ، حضرت شیخ رکن الدینؒ ——— علاؤ الدولہ سمنانیؒ حضرت شیخ شرف الدین محمود مزدقانیؒ علی ثانی جناب حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی قدس اللہ سرہ العزیز۔

بارہ سال کی عمر میں ہی حضرت امیر کبیرؒ کے قلب مبارک پر عالم غیب کے اسرار روشن ہونے لگے تھے۔ چنانچہ اسی عمر میں آپ نے خواب میں ایک دفعہ دیکھا کہ حضرت رحمتہ للعالمینؐ صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے ساتھ ایک شاندار اور سر بفلک عمارت میں تشریف فرما ہیں۔ آپ نے حضور پُرنور کی طرف سے بڑھنے کی کوشش کی لیکن آپ وہاں تک نہ پہنچ سکے۔ اس پر حضورؐ نے آپ کی طرف مخاطب ہوکر اپنی زبان مبارک سے فرمایا کہ اے فرزند! پیش من نمی توانی رسید تا پیش شیخ شرف الدین مزدقانی روی۔ یعنی اے فرزند تم اس وقت تک ہمارے نزدیک نہیں پہنچ سکتے ہو جب تک نہ حضرت شیخ شرف الدین مزدقانیؒ سے شرف تلمذ حاصل نہیں کرو گے۔

اس واقعہ تک آپ حضرت شیخ مرزوقانیؒ کے نام سے بھی واقف نہ تھے چنانچہ اس رویائے صادقہ سے آپ کے دل مبارک میں حضرت شیخ موصوفؒ کی ملاقات کی تڑپ پیدا ہوئی۔ کچھ مدت کے بعد آپ نے اپنے شفیق استاد کو تنہائی میں بیٹھ کر سر ہلاتے ہوئے دیکھا۔ آپ نے ان سے دریافت کیا کہ آپ سر مبارک کیوں ہلاتے ہیں؟ جواب ملا کہ یادِ خدا کرتا ہوں۔ آپ نے سوال کیا کہ یادِ خدا کرنے سے سر ہلانے کو کیا تعلق ہے؟ تو شفیق استاد نے جواب دیا برخوردار! مجھے اپنے پیر و مرشد کی اسی طرح اجازت ہے۔ آپ نے مرشد کا نام پوچھا تو انہوں نے فرمایا کہ ان کا اسم گرامی حضرت شیخ شرف الدین محمود مرزوقانیؒ ہے۔ اتنا سننا تھا کہ آپ کو سابقہ رویائے صادقہ یاد آیا اور بے چین ہو کر شفیق استاد سے عرض کیا کہ مجھے بھی اس تعلیم سے بہرہ ور کیجیئے۔ چنانچہ استاد نے بھی نہایت مشفقانہ طریقے سے تعلیم دے کر بالواسطہ حضرت شیخ مرزوقانیؒ کا شاگرد بنا دیا۔ اس کیمیا اثر تعلیم سے تین دن کے اندر اندر آپ کے قلب مبارک پر اسرارِ غیب ہویدا ہونے لگے اور استاد سے عرض کی کہ اب مجھے بھی اس چشمۂ فیض تک پہنچا دیجیئے جہاں سے آپ نے اس مئے عرفان کو نوش فرمایا ہے۔ اس طرح سے آپ حضرت شیخ موصوف کے حلقۂ تلمذ میں شامل ہو گئے یہاں تک کہ ان کے منظورِ نظر اور خلیفۂ خاص بن گئے۔

زندگی کا یہ پہلا مرحلہ طے ہونے کے بعد آپ کو اپنے پیر و مرشد سے سیر فی الارض کا خط ارشاد ملا۔ آپ نے عرب و عجم ہندوستان، ماوراء النہر، ترکستان اور دوسرے بلادِ اسلامیہ کی سیر و سیاحت فرمائی۔ ہر مومن کا ایمان ہے کہ اس

کہا کوئی خاص وطن نہیں ہے ؎

درویش خدا مست نہ شرقی ہے نہ غربی
گھر میرا اصفاہاں نہ دلی نہ سمرقند
(اقبال)

کچھ اس خیال سے اور کچھ اپنی روحانی ترقی کا دوسرا مرحلہ طے کرنے کے لئے آپ سیر عالم کے لئے گامزن ہوئے اور برابر اکیس[۲۱] سال اس صحرانوردی میں مصروف رہے۔ اس سفر میں آپ نے چودہ سو اولیائے کرام سے فیوض و برکات حاصل کئے اور ہر سمندر سے ایک ایک قطرہ جمع کر کے خود ایک بحر بیکراں بن گئے۔ اس جہاں گردی میں جہاں جہاں آپ نے اپنے قدم مبارک رکھے وہاں تبلیغ اسلام اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جہاد شد و مد کے ساتھ جاری رکھا۔ دوران سیر و سیاحت جناب امیر کبیر نے مختلف ممالک کا معائنہ فرمایا لیکن مندرجہ ذیل تین بڑے ممالک قابل ذکر ہیں:۔

روم ایشیائے کوچک: یہاں کی آب و ہوا سردیوں میں سخت سرد ہوتی ہے اور راتیں عموماً زیادہ ہی سرد ہوتی ہیں اور پانی جم جاتا ہے۔ لیکن آنجناب کی نفاست اور طہارت کا یہ حال ہے کہ ہر رات بارہ[۱۲] بجے کے قریب غسل فرماتے، اور یاد خدا میں مشغول ہوتے ہیں۔ یہ سلسلہ برابر ایک بڑی مدت تک جاری رہا۔ آپ ایک پرانی مسجد میں قیام فرماتے۔ فقر کا یہ حال ہے کہ زاد راہ ندارد۔ لیکن اللہ تعالیٰ خود ہی انتظام فرماتا ہے۔ جناب کے والد محترم کا آزاد کردہ غلام اشرفیوں کی ایک تھیلی پیش کرتے ہیں، اور آپ اللہ کے لئے جہاد میں بے فکر ہو کر کام کرتے ہیں۔ ع

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی (اقبال)

روم میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان باہم مذہبی نزاع سے صورت حال بہت ہی خراب تھی۔ آنجناب نے ایک کراماتی عمل سے اس نزاع کو نہ صرف دور کیا بلکہ مسیحیوں کے ایک بڑے گروہ کو گرویدہ اسلام بنا دیا۔ دائرہ اسلام میں داخل ہو کر یہ گروہ آپ کے عقید تمندوں میں شامل ہو گیا۔ اس مذہبی نزاع کی حقیقت یہ تھی کہ عیسائی اپنے نبی حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کی مافوق الفطرت فضیلت بلکہ الوہیت کے قائل ہو کر اس بات پر زور دے رہے تھے کہ وہ مردوں کو زندہ کرتے تھے ادھر سے مسلمان ان کی جزوی فضیلت تسلیم کر کے کلی اصول کی رو سے یہ جواب دیا کرتے تھے کہ جناب نبی کریم محمد عربی ؐ کے بعض امتیوں کو بھی یہ مقام حاصل ہے کہ وہ بھی انبیا بنی اسرائیل کی طرح یہ کام کر سکتے ہیں۔ وہ بھی مردوں کو زندہ کر سکتے ہیں۔ مسلمانوں سے اس قسم کی باتیں سن کر عیسائیوں میں غضب کی آگ بھڑک اٹھی۔ لیکن ساتھ ہی وہ اس فیصلہ پر رضامند ہوئے کہ اگر ایک ایسا معجزہ کوئی دکھلا دے تو دین اسلام کی حقانیت تسلیم کرنے میں کوئی درنگ نہیں کریں گے۔

فریقین نے یہ واقعہ اس متفقہ تصفیہ کی صورت میں حضرت امیر کبیر قدس اللہ سرہٗ کے پاس پیش کیا۔ آپ مسلمانوں اور عیسائیوں کے مجمعے میں حاضر ہوئے اور انہیں کسی مردہ کے پیش کرنے کی تجویز فرمائی۔ بالآخر ایک پرانے مقبرے پر سارے لوگ حاضر ہوئے تو آپ نے ایک پرانی قبر پر کھڑے ہو کر

فرمایا "قُم باذن اللہ" مردہ نئی زندگی پاکر کھڑا ہوا۔ یہ کرامت دیکھ کر عیسائیوں کا ایک بڑا گروہ کلمۂ توحید سے سرشار ہو کر دائرہ اسلام میں داخل ہوا اور آپ کے حلقۂ ارادت میں پناہ لی۔

زیارت حرمین شریفین:۔ وقت آیا کہ آپ نے حرمین شریفین کے وفورِ شوق سے عرب کا ارادہ فرمایا۔ راستہ ریگ زاروں سے ہوتا ہوا مکہ جاتا تھا۔ آپ کچھ زادِ راہ لیکر رختِ سفر باندھ گئے۔ ابھی تھوڑی دور ہی گئے تھے کہ ریگستان کے قریب آپکی پونجی ختم ہوئی۔ لیکن آپ کو کوئی تشویش حق نہیں ہوئی بلکہ آپ توکل اور تسلیم کے پیکر مجسم نظر آنے لگے۔ ایسا خدائی انتظام ہوا کہ عقل دھوکہ کھاتی ہے ؎

بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی (اقبال)

ہندوستان کا سفر:۔ کچھ مدت گذر جانے کے بعد آخر میں ہندوستان کا ارادہ فرماتے ہی سفر کی تمام مشکلات کو عبور کرتے ہوئے جزیرہ سراندیپ پہنچ جاتے ہیں۔ یہاں پر حضرت آدم علیہ السلام کی آرام گاہ کی زیارت فرماتے ہیں۔ اس کے بعد ہندوستان میں ورود فرماتے ہیں۔ گویا اب آپ زندگی کا دوسرا مرحلہ طے کرنے کے بعد اپنی زندگی کے تیسرے مرحلے میں قدم ڈال گئے۔ تحصیل علوم و فنون اور حقیقی تربیت روحانی نے آپ کی ہستی میں کمال پختگی پیدا کرکے آپ کی شخصیت کو جامع بنا دیا۔ تیسرا مرحلہ تحریک اسلامی کا تھا جس کا آغاز آپ نے کشمیر میں فرمایا اسی لئے آپ کشمیر میں بانی اسلام کے لقب سے مشہور ہوئے یعنی ۔ آپ بانی

مسلمانی۔ میر سید علی ہمدانیؒ۔

کشمیر میں جناب کا ورودِ مسعود۔ بانی مسلمانی حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی قدس سرہٗ تین مرتبہ کشمیر میں تشریف فرما ہوئے ہیں۔ پہلی مرتبہ آپ سلطان شہاب الدین کے زمانۂ حکومت ۷۷۴ھ میں تشریف فرما ہوئے۔ اور یہاں مرکزِ اسلام کی بنیاد ڈال دی۔ اس وقت یہاں شاہی خاندان اور چند گھرانے مسلمان بن چکے تھے۔ دوسری مرتبہ آپ نے سلطان قطب الدین کے عہدِ حکومت میں سات سو سادات کے ہمراہ نزولِ اجلال فرمایا۔ ان سارے سادات کو گاؤں گاؤں میں تبلیغِ اسلام کرنے کے لئے بھیج دیا۔ اس وقت اسلام کشمیر میں محنتِ شاقہ اور مسلسل جدوجہد کا مطالبہ کرتا تھا۔ سلطان کا اپنا یہ حال تھا کہ نام کا تو وہ مسلمان تھا کلمہ گو، لیکن بیک وقت دو سگی بہنیں نکاح میں تھیں۔ مذہبی زندگی کا یہ حال کہ سلطان ہوتے ہوئے روزانہ کالی شوری کے مندر پر حاضری دیتا تھا۔ آپکی نظرِ کیمیا اثر سے نہ صرف اصلاحی امور کی طرف متوجہ ہوا بلکہ دعوتِ اسلام کو وسیع تر بنانے میں کمربستہ ہو گیا۔ کشمیر میں جگہ جگہ اسلام کی شمعیں روشن ہونے لگیں۔ میر سید علی ہمدانیؒ اب دور دراز مقامات کا دورہ فرمانے لگے اور اسلام کی روشنی پھیلانے میں سعیِ پیہم کو جانفشانی کے ساتھ جاری رکھا۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگوں کو حلقہ بگوشِ اسلام بنا دیا۔ وادی میں اسلام کی مضبوط بنیاد ڈالکر چھ ماہ کے بعد لداخ کی راہ لی۔ وہاں سے ترکستان، کاشغر اور چین کا دورہ فرماتے ہوئے جگہ جگہ کفرستان کو نورِ اسلام سے روشن کر دیا۔

چین و عرب ہمارا، ہندوستاں ہمارا
مُسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا (اقبالؔ)

تیسری مرتبہ آپ نے ۷۸۵ھ میں اس خطۂ بے نظیر کو ورودِ مسعود فرمایا۔ مقصد دین کے استحکام اور اتمام کا تھا۔ اس دفعہ آپ لگ بھگ چھ ماہ یہاں قیام پذیر رہے اور اس دوران شہر شہر، گاؤں گاؤں ہی نہیں بلکہ خانہ بخانہ تشریف لے جاکر دینِ اسلام کو لوگوں کے دلوں میں راسخ فرمایا۔ عام باشندگانِ کشمیر کی پوری زندگی کو بدل دیا۔ ان کے خیالات، افکار، اعمال و کردار، اشغال و اذکار، ان کی معاشرت، معیشت، ان کی تعلیم و تربیت، سیاست اور عدالت، غرضیکہ ان کی انفرادی، اجتماعی زندگی سرتاپا اور یکسر بدل دی۔ سچ یہ ہے کہ آپ کی طفیل سب سے عظیم بے خون (BLOOD LESS) اسلامی انقلاب آیا۔ آپ نے شریعت، طریقت کی تحریک کو جاری و ساری رکھنے کے لئے سادات کی جماعت اطراف و اکناف میں بھیجدی۔ آپ نے جا بجا مساجد، خانقاہیں اور تبلیغی مراکز قائم کئے جن میں خانقاہِ معلّیٰ سرینگر، خانقاہ والا، خانقاہ کبرویہ، خانقاہ ترال، ڈورو، خانقاہ پلوامہ، خانقاہ سوپور اور خانقاہ لداخ مشہور ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ علوم ظاہری اور باطنی کا درس دینے کے لئے درس گاہوں کا انعقاد کیا۔ حرمین شریفین کے ارادہ سے اپنے مخصوص رفقاء کے ہمراہ پکھلی کے راستہ سے رخصت ہوئے۔ جب یوسف زئی کے علاقہ میں پہنچے تو غرہ ذی الحجہ ۷۸۶ھ کو بدن مبارک میں کمزوری محسوس ہوئی۔ پانچ دن متواتر کچھ تناول نہ فرمایا۔ پانچویں دن شام کو صرف پانی کے چند گھونٹ نوش فرمائے یہاں تک کہ ذی الحجہ ۷۸۶ھ کی

چھٹی شب میں بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا اللہ۔ یا رفیق۔ یا حبیب کا ورد کرتے ہوئے آپ کی روحِ مقدس عالمِ لاہوت کی طرف پرواز فرما گئی۔ إِنَّا لِلّٰہِ وَإِنَّا إِلَیْہِ رَاجِعُونَ۔

آپ کے جسدِ مبارک کو آپ کے عقیدتمندوں نے آپ کے خلیفۂ خاص جناب شیخ قوام الدین بدخشی رح کے مبارک ارشاد پر جمادی الآخر ۷۸۷ھ میں یعنی چھ ماہ کی پیدل مسافت کے بعد ختلان پہنچایا، جہاں آپ اپنے والدِ بزرگوار جناب سید شہاب الدین ہمدانی رح کے مزارِ پُرانوار میں آسودۂ آرام فرما ہوئے۔ آپ کا یہ روضۂ اقدس مرجعِ خاص و عام ہیں۔ دُور دراز شہروں سے عقیدتمند لوگ جوق در جوق آکر اس روضۂ اقدس کی زیارت سے مشرف ہوتے ہیں۔

خانقاہِ معلیٰ سرینگر

خانقاہِ معلیٰ سرینگر یعنی خانقاہِ شاہِ ہمدان، کو کشمیر کی خانقاہوں میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ یہاں پر صوفیائے کرام کے لئے حضرت امیرِ کبیر میر سید علی ہمدانی رح نے ایک تربیتی کورس کا اہتمام فرمایا ہے جس کی بدولت سالکین کو علم و عرفان کی منزلیں طے کرنے کے بعد سندِ فراغت حاصل ہو جاتی ہے۔ خانقاہ شاہِ ہمدان کو یہ خصوصیت بھی حاصل ہے کہ یہ پوری وادی میں اشاعتِ اسلام اور تبلیغِ دین کا عظیم مرکز ہے۔ آنجناب رح نے یہاں پر اس مشن کا آغاز فرمایا تھا جس کا چمکتا ہوا آفتاب فاران کی چوٹیوں سے طلوع ہوا اور جس نے اپنی نورانی کرنوں سے پوری دنیا کو روشن کیا۔

خانقاہ فیض پناہ چشمہ ہدایت اور علم و عرفان کا وہ منبع ہے جس سے مسلمانانِ کشمیر آج بھی برابر فیض یاب ہوتے رہے ہیں۔ یہی وہ مقدس اور بابرکت جگہ ہے جہاں پر حضرت بانی اسلام نے ہزاروں غیر مسلموں کو دائرہ اسلام میں لایا اور ان کے قلوب کو علم و عرفان سے معمور فرمایا۔ حق یہ ہے کہ یہ اہل کشمیر کے لئے ملجا و ماویٰ ہے۔ یہاں پر ہی اہل کشمیر کو دینی فیوض کے علاوہ سیاسی، اقتصادی اور معاشی شعور حاصل ہوا۔ اس درگاہ عالیہ میں روح کو راحت اور دل کو سکون میسر ہوتا ہے۔

حضرت امیر کبیر میر سید علی ہمدانی قدس اللہ سرہ العزیز جب کشمیر میں تشریف فرما ہوئے اپنے ساتھ وہ تبرکات لائے جن کو علم مبارک کہتے ہیں۔ حضرت محمد مصطفےٰ ان کو غزوات میں اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ جناب حضرت امام حسین رضؓ نے بھی میدانِ کربلا میں ان کو اپنے ہمراہ لیا تھا۔ حضرت امیر کبیرؒ ان تبرکات کو اپنے ہمراہ یہاں لائے اور خانقاہ فیض پناہ میں موجود ہیں۔ کبھی کبھی یہ تبرکات عید گاہ لے جاکر وہاں پر نوافل ادا کرکے اور کسی وقت نیم شبانہ درگاہ خانقاہ معلی کا گردش کر کے دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ اس سے ابتلا سے نجات مل جاتی ہے۔

مِنہاجُ العارفین

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ؕ

حمد بیحد و ثنائی بیحد آفریدگار را کہ سینۂ عارفاں مخزن اسرار خود ساختہ و لوح دل محباں از غیر خود پاک بشستہ و درود وافر بر جاں پاکیزۂ خلاصۂ موجودات خواجۂ کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ وسلم کہ بہ تشریف وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۔ شرف و مخصوصیت و بر ہمہ یاراں و پیرواں او صلی اللہ علیہ وسلم و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ ۔ بداں اے عزیز وَفَّقَکَ اللّٰہُ بما تحب و یرضیٰ کہ ایں چند سخن از کلام اہل معرفت جمع آوردہ شد و منہاج العارفین نام نہادہ آمد تا مگر از خواندن و شنیدن ایں کسے را فایدہ باشد ۔

ترجمہ :- بے شمار حمد اور لاتعداد تعریف اس پیدا کرنے والے خدا کے لیے زیبا ہے جس نے بزرگانِ دین کے سینوں کو اپنے پوشیدہ رازوں کا خزانہ بنایا ہے اور اپنے دوستوں کے دلوں کی تختیاں غیروں کے تصور سے اچھی طرح دھوئیں اور بے شمار درود و سلام نازل ہو اس پیغمبر کریمؐ پر جو تمام موجودات و مخلوقات کا خلاصہ اور سردار ہیں۔ جن کا نام مبارک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ (ہم نے آپ کو تمام عالموں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے) کی خلعت سے مشرف اور مخصوص بنایا اور درود و سلام

ہو آپ کے دوستوں، پیروی کرنے والوں اور خاص کر آپ کے اہل بیت اور صحابۂ کرام پر۔

اَمّا بَعدُ

اے میرے عزیز! اللہ تعالیٰ تم کو ایسے کاموں کی توفیق دے جن کو وہ پسند کرتا ہے اور جن سے وہ خوش ہوتا ہے، اچھی طرح جان لو کہ یہ اہل معرفت اور بزرگانِ دین کے چند زریں اقوال ہیں، جن کو میں نے ایک جگہ جمع کر کے ایک رسالہ کی تشکیل دی ہے اور اس کا نام منہاج العارفین رکھا ہے اس سے ہمارا مقصد صرف اتنا ہے کہ اس کے پڑھنے اور سننے سے کسی کو کچھ فائدہ پہنچ جائے۔ وباللہ التوفیق

(۱) زنہار بغیر حق اعتماد نہ کنی تا پشیمان نہ شوی

اگر پشیمانی سے بچنا چاہتے ہو تو خدا تعالیٰ کے سوا کسی پر بھروسہ نہ کرو

(۲) از حق غافل مباش تا شیطان بر تو راہ نیابد

اگر چاہتے ہو کہ شیطان تجھ پر چھا نہ جائے تو خدا تعالیٰ سے غافل نہ ہو۔

(۳) بہ ہیچ چیز مغرور مشو تا ہلاک نہ گردی

ہلاکت سے خلاصی چاہتے ہو تو کسی چیز پر مغرور نہ ہو جاؤ۔

(۴) دل را خالی کن تا راحت یابی

اپنے دل کو غیر اللہ سے خالی کرو تو آرام پاؤ گے۔

(۵) در کارِ حق باش تا کارِ تو ساختہ گردد
خدا تعالیٰ کے کام (عبادت) میں لگے رہو تو تمہارے کام خود بخود آسان ہوں گے۔

(۶) بجُز حق دوست مگیر تا خستہ نگردی
خدا کے سوا کسی کو اپنا دوست مت بناؤ تا کہ ذلت نہ اُٹھانا پڑے۔

(۷) در کارِ دُنیا اہتمام اندک کن تا کفایت یابی
دنیا کے کاموں میں بہت کم لگے رہو تو دنیا سے بے نیازی حاصل ہوگی۔

(۸) دِل بکسی مبند تا زیاں نکنی
نقصان سے بچنا چاہتے ہو تو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کے ساتھ دِل مت لگاؤ۔

(۹) کس را عیب مکُن تا بہ عیبِ خود مبتلا نہ شوی۔
کسی کی عیب جوئی نہ کرتا کہ اپنے عیبوں میں اُلجھ نہ جاؤ گے۔

(۱۰) در تنگی ہا صبر کُن تا فرح یابی۔
اگر فرحت چاہتے ہو تو سختیوں پر صبر کرو۔

(۱۱) طمع از دل دُور کن تا خوار نہ گردی۔
لالچی مت بنو ورنہ بے عزت ہو جاؤ گے۔

(۱۲) نیکی اندیش تا ہمہ نیک پیدا آید۔
اپنے دل میں اچھی باتیں سوچو تو اس سے بہتری پیدا ہوگی۔

(۱۳) از ہمہ نومید شو تا امید بر آید۔
سب لوگوں سے ناامید ہو جاؤ تاکہ تمہاری امید بر آئے گی۔

(۱۴) کار با خلاص کن تا در حال خیر یابی
پورے اخلاص سے کام کرو تو فوراً اچھا نتیجہ بر آمد ہوگا۔

(۱۵) غم دنیا مخور تا تباہ نشوی۔
دنیا کا غم مت کھا تاکہ تباہ نہ ہو جاؤ گے۔

(۱۶) آزار کس مخواہ تا اماں یابی۔
امن و امان چاہتے ہو تو کسی کے درپئے آزار نہ رہو۔

(۱۷) گنہ بر کس منہ تا در گنہ نیفتی۔
کسی پر گناہوں کی تہمت نہ باندھ تاکہ گناہوں میں نہ پڑو گے۔

(۱۸) کس را بہ حقارت منگر تا خوار نہ شوی
رسوائی سے بچنا چاہتے ہو تو کسی کو حقارت سے نہ دیکھ۔

(۱۹) از جہت دنیا اندوہگین مباش تا پریشان نگردی۔
دنیا کی پریشانی سے بچنا چاہتے ہو تو دنیا کے لئے غمگین نہ ہو جاؤ۔

(۲۰) قدر نعمت بہ شناس تا از تو باز نستاند
اللہ کی نعمتوں کی قدر کرو تاکہ تم سے زوال نعمت نہ ہو جائے۔

(۲۱) از ہمہ جدائی کن تا بہ حق برسی

خدا رسیدہ بننا چاہتے ہو تو سب سے الگ رہو۔

(۲۲) غم فردا مخور تا امل کوتاہ شود

کل کی فکر نہ کر تاکہ تمہاری امیدوں کا دایرہ کم ہو جائے۔

(۲۳) مرگ را یاد کن تا دل بہ دنیا نگراید۔

موت کو نہ بھول تاکہ تمہارا دل دنیا کی طرف مائل نہ ہونے پائے۔

(۲۴) ترک دنیا گیر اگر لقمہ حلال خواہی۔

اگر حلال رزق چاہتے ہو تو دنیا کے دھندوں میں کم پڑو۔

(۲۵) توقع از کس مکن تا عزت یابی۔

اگر عزت درکار ہے تو کسی سے اپنی امیدیں وابستہ نہ کر۔

(۲۶) فروتنی کن تا بہ بزرگی برسی۔

نرمی کرو تو بزرگی ملے گی۔

(۲۷) در خود مبین تا مردود نگردی

اپنے تئیں نہ اتراو ورنہ مردود ہو جاؤ گے۔

(۲۸) از خلق عزلت گیر تا بحق انس یابی۔

اللہ کی دوستی چاہتے ہو تو لوگوں سے یک سو ہو جاؤ۔

(۲۹) شکرِ حق بجا آر اگر نعمت دین و دُنیا خواہی۔
اگر دین و دنیا کی نعمتیں چاہتے ہو تو خدا تعالیٰ کا شکر کر۔

(۳۰) ایمن مباش تا اماں یابی
امن و امان چاہتے ہو تو لاپروا نہ ہو۔

(۳۱) با حق باش تا عیش جاودانی یابی۔
خدا کے ساتھ وابستہ رہو تاکہ تم کو دائمی زندگی کے ساتھ ہمکنار ہو جاؤ گے۔

(۳۲) خدمت بزرگان کن تا بہ بزرگی برسی۔
اپنے بڑوں کی خدمت کر تو بڑائی حاصل ہو گی۔

(۳۳) صبر پیشہ گیر اگر عافیت می خواہی۔
اگر عافیت چاہتے ہو تو صبر اپنا شیوہ بناؤ

(۳۴) خود را بحق بسپار تا بہ ساماں برسی۔
اپنی ذات کو خدا کے سپرد کر تو تیری حاجتیں پوری ہوں گی۔

(۳۵) چنگ در دامن صاحب دولتاں زن اگر دولت خواہی
اگر سعادت چاہتے ہو تو باخدا لوگوں کے دامنوں کو تھام لو۔

(۳۶) آہستہ رو تا ماندہ نہ شوی۔
میانہ روی اختیار کر تاکہ عاجز نہ ہو جاؤ گے۔

(۲۷) خود را ہیچ قدر مَنہ تا با قدر گردی
اپنے آپ کو بڑا نہ جان تاکہ تمہاری قدر بڑھے گی۔

(۲۸) اَز صُحبت اہل دنیا بہ پرہیز تا تاریک دل نہ شوی
اہلِ دنیا کے تعلق سے بچو، ورنہ سیاہ دل ہو جاؤ گے۔

(۲۹) دَر حق بین تا از حق فانی نہ گردی
خدائی صفتوں پر غور کر تاکہ اُس سے جدائی نہ ہو جائے

(۳۰) قناعت کن اگر توانگر خواہی
اگر توانگری درکار ہے تو قناعت کر۔

(۳۱) ہمت بلند دار تا قیمت بیفزاید
اپنی ہمت بلند رکھ کہ تیری قیمت بڑھے گی۔

(۳۲) بہ حرف کس انگشت مَنہ تا مُواخذ نہ گردی۔
کسی کی صحیح بات پر اعتراض نہ کر ورنہ تجھ سے اس کی باز پُرس ہو گی۔

(۳۳) اختیار کوشش کُن تا رہ یابی۔
اپنی جد و جہد جاری رکھ تو مقصد حاصل ہو گا۔

(۳۴) حریص مَباش تا خوار نہ گردی۔
لالچی مت بن ورنہ ذلت ہو گی۔

(۴۵) توفیق از حق بیں تا غرہ نہ شوی
نیک کاموں کی توفیق خدا سے دیکھ تاکہ مغرور نہ ہو جاؤ گے۔

(۴۶) کردار خوز را قدر منہ تا با قدر گردی۔
خود اپنے کردار کو اونچا نہ سمجھو۔ اس سے تم کو عزت ملے گی۔

(۴۷) دل بہ کس مدہ تا زباں زدہ نہ شوی
اپنا دل کسی سے نہ باندھو ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔

(۴۸) در کس مبین اگر معرفت داری
اگر خدا کی معرفت حاصل ہے تو کسی کی طرف التفات نہ کر۔

(۴۹) باہمہ مفلس شو اگر محبت خواہی
اگر محبت چاہتے ہو تو سب سے بے آس ہو جاؤ۔

قال الحریری رحمۃ اللہ
ولا ترج الودّ ممّن یری اَنّکَ محتاجٌ اِلیٰ فلسہٖ (دفنفکر)

(۵۰) بر در باش تا بکشایند
عبادت کے ذریعہ خدا کا دروازہ کھٹکھٹا تاکہ تیرے لئے اس کے کھولنے کا حکم ہو

(۵۱) دربند چیزے مباش تا آزاد شوی۔
آزادی چاہتے ہو تو کسی چیز کی فکر میں نہ پڑ۔

(۵۲) بصدق طلب تا بیابی
سچے دل سے مانگ کہ پا سکو گے۔

(۵۳) حرمت نگاہ دار تا محترم گردی
اپنی آنکھ کو بد بینی سے پاک رکھ تاکہ باعزت بن جاؤ گے۔

(۵۴) خود را درمیاں مبیں تا بہ معرفت برسی
اپنی ہستی کا حجاب درمیاں سے اٹھاؤ تو خدا کی پہچان نصیب ہوگی

(۵۵) خوش خوی باش تا عزیز گردی۔
خوش اخلاق رہو تاکہ محبوب بنو گے۔

(۵۶) سودائے پیشہ گیر کہ دراں سود کنی۔
اپنی تجارت کا پیشہ پکڑو جس میں تم کو فائدہ ہو۔

(۵۷) خشم فرو خور تا راحت یابی۔
غصہ پی جاؤ کہ فرحت پاؤ گے۔

(۵۸) مسکین باش تا مقبول گردی
مسکین بن کر رہو تو مقبول بنو گے

(۵۹) کارے کن کہ عاقبت پشیماں نہ شوی
ایسا کام کر جس کے نتیجے میں پشیمان نہ ہونا پڑے۔

(۶۰) دُرعیبِ خودِ فروشو اگر در کاری۔

اگر تو باکار ہے تو اپنے عیبوں کو گہری نظر سے دیکھ۔

(۶۱) کارِ دیگراں کن اگر بے کاری۔

اگر تمہارا اپنا کوئی کام نہیں تو دوسروں کا کام کر۔

(۶۲) با ہمہ نرمی کن تا از دشمن برہی۔

سب کے ساتھ نرمی کرتا کہ تو دشمن سے چھٹکارا پائے۔

(۶۳) بر نعمتِ کس حسد مکن تا عافیت یابی

کسی کی خوش حالی پر حسد مت کر، اس سے سلامتی پاؤ گے۔

(۶۴) بار ہمہ کش تا محترم گردی

محترم بننا چاہتے ہو تو سب کا بوجھ اٹھاؤ

(۶۵) بر زیر دستاں شفقت کن تا آسائش یابی

ماتحتوں اور بیکسوں کے ساتھ شفقت سے پیش آؤ تاکہ آرام میسر ہو۔

(۶۶) بسُودِ اندک بسندہ کن تا برکت یابی

تھوڑے سے فائدہ پر کفایت کر کہ برکت پاؤ گے

(۶۷) آہستگی کن تا شیطان بر تو ظفر نیابد۔

جو کام کرو گے وقار اور سنجیدگی سے کرو، ورنہ شیطان تجھ پر غلبہ پالے گا۔

(۶۸) دلہا را دریاب تا خوشنودی حق یابی۔
خدا کی خوشنودی چاہتے ہو تو مخلوق کی خدمت کرو۔

(۶۹) بد خواہی ترک دہ تا عیش بر تو تلخ نہ گردد۔
اگر اپنی زندگی کو تلخیوں سے بچانا چاہتے ہو تو کسی کا دشمن نہ بن۔

(۷۰) در معاملت سخت مپیچ تا خستہ نہ گردی
دنیاوی معاملوں میں زیادہ نہ الجھ، ورنہ خستہ اور رنجیدہ ہو جاؤ گے

(۷۱) با ہمہ آسانی کُن تا برہی
سب کے ساتھ آسانی کر تا کہ خلاصی پاؤ گے۔

(۷۲) دیگراں را از خود بہتر خواں تا از خود خلاصی یابی۔
دوسروں کا نام عزت سے پکار، تاکہ غرور اور پندار سے بچو گے۔

(۷۳) درشتی بگذار تا نزدیک ہمہ دشمن نہ شوی۔
سخت رویہ چھوڑ دے تاکہ سب کا دشمن نہ بنے۔

(۷۴) با ہمہ یار باش اگر مرد راہی
سب کا یار ہو اگر تو مردِ راہِ حقیقت ہے۔

(۷۵) از خود طلب کُن اگر جوانمردی
اگر تو جوانمرد ہے تو اپنی ذات کے سوا کسی دوسرے سے کچھ نہ مانگ۔

(۷۶) حق را یاد کن تا دِل ویران نہ شود
خدا کی یاد میں رہو تاکہ تیرا دل ویران نہ ہو۔

(۷۷) درماندگاں را دریاب تا در تا درنمانی
عاجزوں کی خبر گیری کرو تاکہ تم خود عاجز نہ ہو جاؤ گے۔

(۷۸) دَرگذار تا از تو دَرگذارند۔
لوگوں کی غلطیوں سے درگزر کرنا اپنا شیوہ بناؤ تاکہ تم سے بھی وہ درگذر کریںگے۔

(۷۹) از اُفتادگاں مگذر تا دَرنیفتی۔
بے بسوں کو نہ چھیڑو تاکہ تم بھی بے بس نہ ہو جاؤ گے۔

(۸۰) سرائے دُنیا تیز مبین تا کور نہ شوی۔
دُنیا کی سرائے فانی کی طرف تیز نہ دیکھ ورنہ اندھا ہو جاؤ گے۔

(۸۱) ہر جا مرو تا لنگ نگردی
ہر جگہ مت جاؤ تاکہ لنگڑا اور بے عزت نہ ہو۔

(۸۲) جُز حق میندیش اگر طالبی۔
اگر تو خدا طلب ہے تو اپنے دل میں اس کے سوا کسی کا خیال مت لاؤ۔

(۸۳) خلاف را ترک دہ تا سلامت باشی۔
مخالفت کو ختم کرو تو سلامت رہو گے۔

(۸۴) اَز حکم سر متاب تا عاصی نشوی
خدا اور رسول کے حکم سے منہ نہ موڑ تاکہ گنہگار نہ ہو جاؤ گے۔

(۸۵) اُفتادہ را دریاب تا دستگیر یابی۔
طاقتور ہونا چاہتے ہو تو کمزور کی مدد کر۔

(۸۶) با ہر کس منشین تا تباہ نگردی
ہر ایک کے ساتھ نہ بیٹھ تاکہ تباہ نہ ہو جاؤ گے۔

(۸۷) ترک لذت گیر اگر لذت خواہی۔
اگر حقیقی لذت پانا چاہتے ہو تو ظاہری لذتوں کو رخصت کرو۔

(۸۸) انصاف خلق بدہ تا ستمگار نہ شوی،
لوگوں کے ساتھ انصاف کر تاکہ ظالم نہ ہو جاؤ گے

(۸۹) آں کار کن کہ حق پسند و آں پسندی کہ حق کند تا مقصود
صرف وہ کام کر جو خدا تعالیٰ پسند کرے اور خدا تعالیٰ کی پسند پر راضی ہو جاؤ۔ یہی مقصود

برسی
تک پہنچنے کا راز ہے

(۹۰) با کس مستیز تا از گنہ برہی۔
کسی سے مت جھگڑو تاکہ گناہ سے خلاص ہو جاؤ گے

(۹۱) آنکس کہ با تو بدی کند با وی نیکی کن تا قدر بیفزاید

جو تجھ سے بدی کرے تو اُس سے نیکی کر کہ اس سے تیری عزت بڑھ جائیگی۔

(۹۲) بیدار باش تا دُزد در خانہ نیاید۔

بیدار دل ہو جا تا کہ اس گھر (دل) میں چور نہ گھس جائے۔

(۹۳) بار چنداں گیر کہ بمنزل رسانی۔

اتنا بوجھ اٹھاؤ کہ منزل مقصود تک پہنچ سکو گے۔

(۹۴) با قافلہ رَو کہ رہزناں بسیار اند۔

قافلہ کے ساتھ چل کہ لٹیرے بہت ہیں۔

(۹۵) ہمرہ طلب کُن کہ دشمناں ہمراہ اَند۔

اچھا ساتھی ڈھونڈ کہ دشمن تیرے ساتھ ہیں۔

(۹۶) سر برین در نہ یا برو سر خود گیر۔

اس دروازہ پہ سر رکھ کر اس کا فرماں بردار بن جاؤ ورنہ جو چاہے وہ کر

(۹۷) سر بیفگن تا جنگ برخیزد۔

قضا و قدر کے سامنے سر تسلیم خم کرلے تو جنگ و جدال خود بخود ختم ہوگی۔

(۹۸) یک کار پیش گیر تا تمام شود۔

ایک کام اختیار کر تا کہ وہ پورا ہو جائے۔

(۹۹) سر بر خطِ فرمان نہ۔ بندہ خود خواہ مباش تا محروم نہ شوی۔
خدا تعالیٰ کا حکم قبول کر خود پسند بندہ نہ ہو ورنہ محروم ہو جاؤ گے۔

(۱۰۰) دوستی آں بہ کہ از برائی خدا بوُد۔
دوستی وہ اچھی ہے جو خدا تعالیٰ کے لئے ہو۔

(۱۰۱) خواجگی از سر فرود آر تا بر خوری۔
اپنی بڑائی کا سودا سر سے نکال تو فائدہ پاؤ گے۔

(۱۰۲) بارِ خود بہ کسے منہ تا عزیز مانی۔
اگر تو محبوب بننا چاہتا ہے تو اپنا کام خود کر اور کسی اور پر اپنا بوجھ مت ڈال

(۱۰۳) بزرگی بر ہیچ کس مکن تا خوار نہ گردی۔
اپنی بڑائی کسی پر نہ جماؤ ورنہ ذلیل ہو جاؤ گے۔

(۱۰۴) جاں را نذر باز اگر صادقی۔
اگر سچے مسلمان ہو تو جانباز بن جاؤ۔

(۱۰۵) کس را بہ طمع کسے مستائے تا گرفتار نگردی۔
طمع کی وجہ سے کسی کی تعریف نہ کرو ورنہ گرفتارِ بلا ہو جاؤ گے۔

(۱۰۶) در دریا فرو رو تا گوہر یابی
سمندر کی تہہ تک غوطہ لگاؤ تاکہ موتی پاؤ گے۔

(۱۰۷) تیر بلا را ہدف شو اگر دوست می خواہی

خدائی آزمائشوں کے تیروں کا نشانہ بن جاؤ اگر اپنے حقیقی دوست کو چاہتے ہو۔

(۱۰۸) رہبر طلب اگر رہ روی۔

اگر دوستانِ خدا کے طریقہ پر چلنے والے ہو تو پہلے راستہ دکھانے والے کو ڈھونڈو۔

(۱۰۹) راہ خرابہ گیر اگر عاشقی

مشکلات اور دشواریوں کو اپناؤ اگر سچے عاشق ہو۔

(۱۱۰) یک سودا کُن تا سُود کُنی۔

ایک ہی خیال اپنے دل میں لاؤ تاکہ اس کا بھرپور فائدہ اٹھاؤ گے۔

(۱۱۱) خود رامباش با خدا باش۔

اپنی فکر میں نہ ہو خدا کے ساتھ ہو۔

(۱۱۲) اندیشہ بیہودہ از دل دور کُن تا پریشان نہ شوی۔

اپنے دل سے بیہودہ خیالات نکالو ورنہ پراگندہ ہو جاؤ گے۔

(۱۱۳) خود پسند مباش تا پسندیدہ گردی۔

خود پسند نہ ہو تاکہ سب کے نزدیک پسندیدہ ہو جاؤ گے۔

(۱۱۴) خود را رنجہ دار تا راحت یابی۔

اپنے آپ کو کام اور مشقت میں رکھ تاکہ فرحت پاؤ گے۔

(۱۱۵) پند بشنو تا سود کنی

بزرگوں کی نصیحت سنو تو فائدہ میں رہوگے۔

(۱۱۶) خود را گم کن تا بجویند

اپنے آپ کو کھو ڈالو تاکہ تم کو ڈھونڈیں گے۔

(۱۱۷) بکوش تا بیابی۔

کوشش کرو تاکہ مطلب براری ہو۔

(۱۱۸) سر متاب اگر صادقی۔

اگر سچے ہو تو منہ نہ موڑو۔

(۱۱۹) در مالا یعنی مشغول مشو تا حسرت نخوری۔

بیہودہ باتوں میں منہمک نہ ہو جاؤ ورنہ پشیمان ہو جاؤ گے۔

(۱۲۰) نفس را استوار مدار کہ دروغ گوئیست

نفس کو استوار نہ رکھ۔ جھوٹا پن ہی ہے۔

(۱۲۱) دل پاس دار کہ ہرگز خلاف نہ کند۔

اپنے دل کی حفاظت کر تاکہ غلطی نہ کرے۔

(۱۲۲) پناہ بحق گیر تا خلاص یابی۔

